**0305E316** Candidate's Seat No :________

**M.A. (Sem.-II) Examination**

**407**

**Urdu**

**May-2017**

**Time : 3 Hours]** **[Max. Marks : 70**

نوٹ : سوالیہ پرچے میں درج نمبر ہی جوابی پرچہ میں تحریر کریں، تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان سبھی کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔

سوال : ۱ اردو ادب میں رپورتاژ نگاری کی ابتداء اور ارتقاء پر روشنی ڈالئے۔ ۱۴

یا

رپورتاژ نگاری کے سماجی مطالعے پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

سوال : ۲ رپورتاژ نگاری کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے فن پر سیر حاصل بحث کیجئے۔ ۱۴

یا

رپورتاژ کے مختلف موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

سوال : ۳ قرۃ العین حیدر کے رپورتاژوں کے اسلوب نگاری پر بحث کیجئے۔ ۱۴

یا

پر مندرجۂ ذیل میں سے کسی دو (۲) عنوان پر لکھئے۔

(۱) خطوط نگاری اور رپورتاژ کے درمیان فرق (۲) رپورتاژ کے اجزائے ترکیبی

(۳) رپورتاژ ''کوہِ دماوند'' کا تجزیہ

سوال : ۴ مندرجۂ ذیل میں سے کسی دو (۲) عنوان پر لکھئے۔ ۱۴

(۱) رپورتاژ کی قدریں (۲) رپورتاژ ''لندن لیٹر'' کا تجزیہ

(۳) ''ستمبر کا چاند'' کا تجزیہ (۴) ''دہلی کا ایک یادگار مشاعرہ'' رپورتاژ کا تجزیہ

سوال : ۵ مندرجۂ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔ (کوئی چودہ) ۱۴

(۱) قرۃ العین حیدر کب اور کہاں پیدا ہوئیں؟ (۲) ''اور خدا دیکھتا رہا'' کس کا رپورتاژ ہے؟

(۳) ''ایک نامکمل سفر'' رپورتاژ کے خالق کون ہیں؟ (۴) قرۃ العین حیدر کے مطابق اردو کا پہلا رپورتاژ کون سا ہے؟

(۵) ''ستمبر کا چاند'' کس جاپانی لفظ سے اخذ کیا گیا ہے؟ (۶) ''جب بندھن ٹوٹے'' کس ادیب کا رپورتاژ ہے؟

(۷) سجاد حیدر کی ''یادیں'' رپورتاژ کی اصل بنیاد کیا ہے؟ (۸) حکومتِ ہند نے ۲۰۰۵ء میں قرۃ العین حیدر کو کس خطاب سے نوازا؟

(۹) ''دہلی کا ایک یادگار مشاعرہ'' کتنے ابواب پر مشتمل ہے؟ کون کون سے؟ (۱۰) ''اردو میں رپورتاژ نگاری کا ارتقاء اور مستقبل'' کس کی تصنیف ہے؟

(۱۱) ''شامِ فراق'' کس کا رپورتاژ ہے؟ (۱۲) ''میرے گذشتہ شب و روز'' رپورتاژ کس ادیب نے تخلیق کیا ہے؟

(۱۳) محمد حسین عسکری کے مطابق اُردو کا پہلا رپورتاژ نگار کون ہے؟ (۱۴) فسادات پر لکھے گئے رپورتاژوں کے نام لکھئے۔

(۱۵) ''دہلی کا ایک یادگار مشاعرہ'' پہلی مرتبہ کتابی شکل میں کس سن میں منظرِ عام پر آیا؟

(۱۶) افسانوی مجموعے ''پت جھڑ کی آواز'' کی اشاعت پر قرۃ العین حیدر کو کیا انعام دیا گیا؟

(۱۷) ''لبیک'' کس ادیب کا رپورتاژ ہے؟

(۱۸) رپورتاژ کو ''مورّخ کا حکم'' کس ادیب نے کہا ہے؟

---پایان---

**0505E365** Candidate's Seat No :__________

**M.A. (Sem.-II) Examination**

**408**

**Urdu**

**Time : 3 Hours]** **May-2017** **[Max. Marks : 70**

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اوران سبھی کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے میں تحریر کریں۔

سوال : ۱ اردو ادب میں مضمون نگاری کی ابتداء اور ارتقاء پر سیر حاصل بحث کیجئے۔ ۱۴

یا

سرسید احمد خان کی مضمون نگاری کا احاطہ کیجئے۔

سوال : ۲ مضمون کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے فن پر روشنی ڈالئے۔ ۱۴

یا

مضمون نگاری اور انشائیہ کے درمیاں فرق پر اپنے دلائل پیش کیجئے۔

سوال : ۳ مندرجۂ ذیل میں سے کسی دو (۲) عنوان پر لکھئے۔ ۱۴

(۱) مولانا ابوالکلام آزاد کی مضمون نگاری (۲) مولوی نذیر احمد کے طرزِ تحریر کی خصوصیات

(۳) مضمون نگاری کے بنیادی اُصول (۴) محمد حسین آزاد کی مضمون نگاری

سوال : ۴ مندرجۂ ذیل میں سے کسی دو (۲) عنوان پر مختصر نوٹ لکھئے۔ ۱۴

(۱) ہندوستان میں اُردو زبان کا مستقبل (۲) باکمال مضمون نگار کی چند خوبیاں

(۳) علامہ شبلی کے مضامین کی خصوصیات (۴) مولوی عبدالحق کی مضمون نگاری

سوال : ۵ مندرجۂ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔ (کوئی چودہ) ۱۴

(۱) بیانیہ مضمون کسے کہتے ہیں؟

(۲) انشائیہ کا موجد کسے مانا جاتا ہے؟

(۳) ''غبارِ خاطر کی نثر ادبی مرصع کاری اور رنگینی عبارت کا نمونہ ہے۔'' کس نے کہا ہے؟

(۴) ''سائنٹیفک سوسائٹی'' کے بانی کون ہیں؟

(۵) اٹھارہویں صدی کا سب سے بڑا انگریز مضمون نگار کسے کہا جاتا ہے؟

(۶) ''سفرنامہ لندن'' کس کی تصنیف ہے؟

(۷) باکمال مضمون نگاروں نے مضمون کے چار اجزاء کون کون سے بتائے ہیں؟

(۸) ''نیرنگِ خیال'' کس کے مضامین کا مجموعہ ہے؟

(۹) سرسید کو ''اُردو انشاء پردازی کا امام'' کس نے کہا ہے؟

(۱۰) ''نوروزِ مضمون نگاری'' کسے کہا جاتا ہے؟

(۱۱) ''اُردو نظم کا فنی ارتقاء'' کس ادیب کی تصنیف ہے؟

(۱۲) فورٹ ولیم کالج کا قیام کس سن میں عمل میں آیا؟

(۱۳) ''شہرت کی خاطر'' کس کے مضامین کا مجموعہ ہے؟

(۱۴) ''اگر قرآن نازل نہ ہو چکا ہوتا تو ابوالکلام کی نثر میں نازل ہوتا'' یہ کس کا قول ہے؟

(۱۵) کس مغربی مصنف کے مضامین کو ''افکارِ پریشاں'' کا نام دیا گیا؟

(۱۶) ''اوراق'' رسالہ کس نے جاری کیا؟

(۱۷) ''بحث و تکرار'' کس کا مضمون ہے؟

---ختم شد---

**0805E416**

Candidate's Seat No :__________

**M.A. (Sem.-II) Examination**

**409**

**Urdu**

**May-2017**

**Time : 3 Hours]** **[Max. Marks : 70**

**نوٹ : سوالیہ پرچے میں درج نمبر ہی جوابی پرچہ میں تحریر کریں، تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان سبھی کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔**

سوال : ۱ اردو نظم کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کی ابتداء اور ارتقاء پر سیر حاصل بحث کیجئے۔ ۱۴

یا

نظیر اکبرآبادی کی نظم نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

سوال : ۲ اردو نظم نگاری کے فن پر سیر حاصل بحث کیجئے۔ ۱۴

یا

جوش ملیح آبادی کی نظم نگاری کے محاسن پر روشنی ڈالئے

سوال : ۳ مندرجۂ ذیل میں سے کسی دو (۲) عنوان پر لکھئے۔ ۱۴

(۱) فیض احمد فیض کی نظم نگاری (۲) ہیئت کے اعتبار سے نظم کی اقسام

(۳) کیفی اعظمی کی نظمیہ شاعری (۴) اسرارالحق مجاز کی نظم نگاری

سوال : ۴ مندرجۂ ذیل میں سے کسی دو (۲) عنوان پر مختصر نوٹ لکھئے۔ ۱۴

(۱) ساحر لدھیانوی کی نظموں کی خصوصیات (۲) غزل اور نظم کے درمیان فرق

(۳) نظیر کی نظم ''بنجارہ نامہ'' کا تجزیہ (۴) مولانا الطاف حسین حالی کی نظم نگاری

سوال : ۵ [الف] مندرجۂ ذیل خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے۔ ۷

(۱) ہندوستان میں اردو نظم کی داغ بیل ۔۔۔۔۔ میں پڑی۔ (دکن، دہلی، لکھنؤ)

(۲) ''شہباز'' دکن کے شاعر ۔۔۔۔ کا تخلص ہے۔ (قلی قطب، گیسو دراز، شاہ راجو)

(۳) روایت سے الگ ہٹ کر ۔۔۔۔۔ نے نظم کو اپنے خیالات کے اظہار کا موضوع بنایا۔ (اکبر، حالی، نظیر)

(۴) جدید نظم کی بنیاد ۔۔۔۔ میں پڑی۔ (پنجاب، لاہور، حیدرآباد)

(۵) اردو نظم میں جدید اسلوب اور ہیئت کو رائج کرنے کے لئے ۔۔۔۔۔ نے باقاعدہ تحریک چلائی۔ (اسمٰعیل میرٹھی، شبلی، عبدالحلیم شرر)

(۶) نظم میں طنزیہ اسلوب کے کو رائج کرنے کا سہرا ۔۔۔۔۔ کے سر ہے۔ (حالی ، اکبر ، سرسید)

(۷) ۔۔۔۔۔ کو ''شاعرِ انقلاب'' کی حیثیت سے یاد کیا جاتا ہے۔ (فراق ، جوش ، اقبال)

سوال : ۵ [ب] مندرجۂ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔ (کوئی سات) ۷

(۱) ''آوارہ'' نظم کا خالق کون ہے؟

(۲) دنیا کی پچاس بہترین نظموں میں فیض کی کون سی نظم شامل کی گئی ہے؟

(۳) کس مغربی ادیب نے آزاد نظم کو ''دوغلی تخلیق'' کا نام دیا ہے؟

(۴) ''شاعرِ شباب'' لقب کس نظم نگار کو دیا گیا؟

(۵) ''روحِ ادب'' کس نظم نگار کا پہلا شعری مجموعہ ہے؟

(۶) ''آوارہ سجدے'' شعری مجموعے کے خالق کون ہیں؟

(۷) ''گاتا جائے بنجارہ'' کے شاعر کون ہیں؟

(۸) ''تنہائی'' کس کی نظم کا عنوان ہے؟

(۹) فیض نے غمِ جاناں اور غمِ دوراں کا شاعر کسے کہا ہے؟

۔۔۔ختم شد۔۔۔

2/103

**1005E457** Candidate's Seat No :__________

**M.A. (Sem.-II) Examination**

**410EA & EB**

**Urdu**

**Urdu Elective - 410 E(A) (Karvan-e-Afsana)**

**May-2017**

**Time : 3 Hours]** **[Max. Marks : 70**

---

نوٹ : سوالیہ پرچے میں درج نمبر ہی جوابی پرچہ میں تحریر کریں، تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اوران سبھی کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔

سوال : ۱ اردو میں افسانہ نگاری کے فن پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ۱۴

یا

''اپیندر ناتھ اشک نے افسانہ نگاری کو ایک نیا موڑ دیا'' اس قول کی وضاحت کیجئے۔

سوال : ۲ اردو افسانے کے اجزائے ترکیبی پر سیر حاصل بحث کیجئے۔ ۱۴

یا

اردو افسانے کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کی ابتداء اور ارتقاء پر سیر حاصل بحث کیجئے۔

سوال : ۳ جوگیندر پال کی افسانہ نگاری کی خصوصیات کا جائزہ لیجئے۔ ۱۴

یا

مندرجۂ ذیل میں سے کسی دو (۲) عنوان پر لکھئے۔

(۱) کرشن چندر کی افسانہ نگاری کا اسلوب (۲) راجیندر سنگھ بیدی کی افسانہ نگاری (۳) سجاد حیدر یلدرم کی افسانہ نگاری

سوال : ۴ مندرجۂ ذیل میں سے کسی دو (۲) عنوان پر مختصر نوٹ لکھئے۔ ۱۴

(۱) انتظار حسین کی افسانہ نگاری (۲) عصمت چغتائی کی افسانہ نگاری

(۳) جدید اُردو افسانہ (۴) ندیم احمد قاسمی کی افسانہ نگاری

سوال : ۵ مندرجۂ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔ (کوئی چودہ) ۱۴

(۱) کس ادیب نے اپنی ادبی زندگی کی ابتداء پنجابی شاعری سے کیا؟

(۲) ''ہیروشیما سے پہلے'' کس ادیب کا افسانہ ہے؟

(۳) مرزا حامد بیگ کے مطابق اردو کا پہلا افسانہ نگار کون ہے؟

(۴) ''گرم کوٹ'' کس کا افسانہ ہے؟

(۵) پنجاب کی دیہاتی زندگی کا افسانہ نگار کون ہے؟

(۶) ادبی خدمت کے اعتراف میں کس ادیب کو ''آدم جی'' ایوارڈ سے نوازا گیا ہے؟

(۷) افسانہ ''لال باغ'' کا موضوع کیا ہے؟

(۸) ''داستان سے افسانے تک'' کتاب کے خالق کون ہیں؟

(۹) ''کچی پکی قبریں'' افسانے کے خالق کون ہیں؟

(۱۰) ''وادیاں'' افسانے کا خالق کون ہے؟

(۱۱) انگریزوں نے کس افسانوی مجموعے پر پابندی لگادی تھی؟

(۱۲) کرشن چندر کے افسانے ''بالکنی'' میں کہاں کی فضا بیان کی گئی ہے؟

(۱۳) ''کفن دفن'' کس کا افسانہ ہے؟

(۱۴) ''ڈوبتی پہچان'' کس کے افسانے کا عنوان ہے؟

(۱۵) ''جدائی کی شام کے گیت'' کس ادیب کی کہانیوں کا مجموعہ ہے؟

(۱۶) ''اندو'' کس افسانہ نگار کا شاہکار کردار ہے؟

---پایان---

(P.T.O)

E 457-2

**Gujarat University Examination- May-201**

**M. A Sem - II (Two)**

**Urdu7 Elective - 410 E(B) (Kulliyat-e-Mantu)**

**Time : 03.00 Hours]** **Total Marks : 70**

---

نوٹ : سوالیہ پرچے میں درج نمبر ہی جوابی پرچہ میں تحریر کریں، تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اوران سبھی کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔

سوال : ۱ اردو میں افسانہ نگاری کے فن پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ۱۴

یا

سعادت حسن منٹو کے افسانہ نگاری پر سیر حاصل بحث کیجئے۔

سوال : ۲ افسانے کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کی ابتداء اورارتقاء پر سیر حاصل بحث کیجئے۔ ۱۴

یا

منٹو کے افسانوں میں حقیقت نگاری کے رجحان پر اپنے خیالات پیش کیجئے۔

سوال : ۳ مندرجۂ ذیل میں سے کسی دو (۲) عنوان پر لکھئے۔ ۱۴

(۱) عصمت چغتائی کی افسانہ نگاری (۲) پریم چند کی افسانہ نگاری

(۳) ندیم احمد قاسمی کی افسانہ نگاری (۴) جدید اُردو افسانہ

سوال : ۴ راجیند رسنگھ بیدی اور سعادت حسن منٹو کے افسانوں کا تقابلی مطالعہ کیجئے۔ ۱۴

یا

جنس اور فسادات کے موضوعات کے حوالے سے منٹو کی افسانوں کا تجزیہ کیجئے۔

سوال : ۵ مندرجۂ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔ (کوئی چودہ) ۱۴

(۱) راشد الخیری کا افسانہ ''نصیر اور خدیجہ'' کس رسالے میں شائع ہوا؟

(۲) ''سوزِ وطن'' کس سن شائع ہوا؟

(۳) ''انتقام'' کس کا افسانہ ہے؟

(۴) ترقی پسند تحریک کا آغاز کس سن میں ہوا؟

(۵) ''ہم وحشی ہیں'' افسانے کے خالق کون ہیں؟

(۶) ''ٹھنڈا گوشت'' افسانے کا موضوع کیا ہے؟

(۷) منٹو کا پہلا افسانہ ہفت روزہ رسالہ خلق میں کس فرضی نام سے شائع ہوا؟

(۸) ''تمہاری کہانیاں ان کو سمجھ میں نہیں آئیں گی۔'' یہ قول منٹو کے کس شاگرد کا ہے؟

(۹) ''طلسمِ خیال'' کس افسانہ نگار کا پہلا افسانوی مجموعہ ہے؟

(۱۰) ''استعارے'' کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے؟

(۱۱) ''سنڈریلا'' کس کا شاہکار افسانہ ہے؟

(۱۲) عصمت چغتائی کی متنازعہ وصیت کیا تھی؟

(۱۳) افسانہ ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کا موضوع کیا ہے؟

(۱۴) علامتی اور تجریدی افسانہ کہاں کی دین ہے؟

(۱۵) ''خواب اور تقدیر'' کس کا افسانہ ہے؟

(۱۶) ''زندگی کے موڑ پر'' افسانے کے خالق کون ہیں؟

(۱۷) ''اردو میں مختصر افسانہ نگاری کی تنقید'' کتاب کے خالق کون ہیں؟

---ختم شد---

2/103

# 1205E491

Candidate's Seat No :________

**M.A. (Sem.-II) Examination**
**411 EA & EB Urdu**
**May-2017**

**Time : 3 Hours]** **[Max. Marks : 70**

**Urdu Core - 411 E(A) (Rubaiyat)**

**نوٹ : سوالیہ پرچے میں درج نمبر ہی جوابی پرچہ میں تحریر کریں، تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اوران سبھی کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔**

سوال : ۱ اردو میں رُباعی کا فن اوراس کی ہیئت پر مفصل بحث کیجئے۔ ۱۴

یا

اردو کی اصناف سخن کا سیر حاصل جائزہ لیجئے۔

سوال : ۲ رُباعیاتِ انیسؔ کے شعری محاسن پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ۱۴

یا

اُردو میں رُباعی کی ابتداء اور ارتقاء کا طائرانہ جائزہ لیجئے۔

سوال : ۳ رُباعی کے اوزان پر تفصیلی بحث کیجئے۔ ۱۴

یا

رُباعیاتِ امجدؔ کی خصوصیات پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

سوال : ۴ مندرجۂ ذیل میں سے کسی دو (۲) عنوان پر مختصر نوٹ لکھئے۔ ۱۴

(۱) علامہ اقبالؔ کی رُباعیات کی خصوصیات (۲) فراقؔ کی رُباعی ''روپ''

(۳) جوشؔ ملیح آبادی کی رُباعیات (۴) رباعیاتِ حالیؔ

سوال : ۵ مندرجۂ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔ (کوئی چودہ) ۱۴

(۱) رُباعیات کا مجموعہ ''رعنائی سخن'' کے خالق کون ہیں؟

(۲) ''گل آفتاب'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(۳) ''چھلنے پات'' شعری مجموعے کے خالق کون ہیں؟

(۴) رُباعی کے لئے کل کتنے وزن مخصوص ہیں؟

(۵) رُباعی کی خوبصورتی کا دارومدار اس کے کس مصرع پر ہوتا ہے؟

(۶) فارسی شاعری میں رُباعی کا موجد کسے مانا جاتا ہے؟

(۷) رُباعی کے وزن کے لئے کون سی بحر مخصوص ہے؟

(۸) ''ریختی'' کسے کہا جاتا ہے؟

(۹) جوشؔ نے ابتداء میں کس سے مشورۂ سخن لیا؟

(۱۰) ''حقیقت یہ ہے کہ ہر دو بزرگوار نے رُباعی نگاری کی شرم رکھ لی۔'' یہ کس کا قول ہے؟

(۱۱) ''نثری نظم'' کو دوسرے کس نام سے جانا جاتا ہے؟

(۱۲) حالیؔ کی ''مدوجزرِ اسلام'' کس ہیئت میں لکھی گئی ہے؟

(۱۳) ''قافیہ'' کی تعریف کیا ہے؟

(۱۴) رُباعی میں ''شجرۂ اخرب'' کسے کہتے ہیں؟

(۱۵) امجدؔ نے شاعری کی ابتداء کس شاعر کے دیوان کے مطالعے شروع کی؟

(۱۶) دکن میں رُباعی کا پہلا شاعر کسے مانا گیا ہے؟

(۱۷) امجد کا پہلا رُباعی مجموعہ کہاں سے اور کس پریس سے شائع ہوا؟

---پایان---

(P.T.O)

120SE491-2

**Gujarat University Examination- May-2017**

**M. A. Sem - II (Two)**

**Urdu Core - 411 E(B) (Rubaiyat)**

**[Total Marks : 70**

**Time : 03.00 Hours]**

**نوٹ : سوالیہ پرچے میں درج نمبر ہی جوابی پرچہ میں تحریر کریں، تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان سبھی کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔**

سوال : ۱ رُباعی کی تعریف پیش کرتے ہوئے اس کی ہیئت اور فن پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ۱۴

یا

اُردو کی شعری اصناف سخن پر سیر حاصل بحث کیجئے۔

سوال : ۲ اکبرالہ آبادی کی رُباعیات کی خصوصایت بیان کیجئے۔ ۱۴

یا

اردو میں رُباعی کی ابتداء اور ارتقاء کا خاکہ پیش کیجئے۔

سوال : ۳ ''رُباعیات میں حالؔی کی پیش قدمی اس صنف کے فروغ کا ایک مستحسن اقدام تھا۔'' بحث کیجئے۔ ۱۴

یا

رُباعی کے مروجہ اوزان پر سیر حاصل بحث کیجئے۔

سوال : ۴ مندرجۂ ذیل میں سے کسی دو (۲) عنوان پر لکھئے۔ ۱۴

(۱) جوشؔ ملیح آبادی کی رُباعیات کی خصوصیات (۲) فراقؔ کی رُباعی ''روپ'' کی خصوصیات

(۳) سلیم سندیلوی بحیثیت رُباعی ناقد (۴) علامہ اقبالؔ کی رُباعیات

سوال : ۵ مندرجۂ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔ (کوئی چودہ) ۱۴

(۱) ''انتخابِ کلامِ جوشؔ'' کس کی تصنیف ہے؟

(۲) اکبرؔ نے شاعری کی ابتداء میں کس سے مشورۂ سخن لیا؟

(۳) اقبالؔ کے استاد کا نام کیا ہے؟ جنہیں شمس العلماء کا خطاب ملا؟

(۴) اُردو کے کس ماہنامہ میں جوشؔ نے بحیثیت مدیر اپنی خدمات انجام دیں؟

(۵) پانی پت کس ادیب کی جائے پیدائش ہے؟

(۶) مغربی تہذیب کی کورانہ تقلید پر طنزیہ شاعری کس نے کی؟

(۷) ''آیات ونغمات'' مجموعے کے خالق کون ہیں؟

(۸) جوشؔ کا اصل نام کیا ہے؟

(۹) اکبرؔ کو اُردو شاعری میں کس خطاب سے نوازا گیا؟

(۱۰) اکبرؔ نے کس کے غم میں دل سوز مرثیہ لکھا؟

(۱۱) ''یادوں کی بارات'' کس شاعر کی خودنوشت سوانح حیات ہے؟

(۱۲) سلیم پانی پتی نے رُباعی کے کس شاعر کو ''زندہ سرمد'' کہا ہے؟

(۱۳) حالؔی اردو کے کس مشہور شاعر کے بچوں کے اتالیق مقرر ہوئے؟

(۱۴) ''جامِ طہور'' کس کی رُباعیوں کا مجموعہ ہے؟

(۱۵) اکبرؔ کو عدالتی (جوڈیسری) خدمات کے عوض کس خطاب سے نوازا گیا؟

(۱۶) حالؔی نے ''مسدسِ حالؔی'' کس کی فرمائش پر لکھی؟

(۱۷) دکن میں رُباعی کا پہلا شاعر کسے مانا گیا ہے؟

---پایان---

1/73

# 1605E583

Candidate's Seat No

M.A. (Sem.-II) Examination

412 S Urdu

May-2017

Time : 3 Hours] [Max. Marks : 70

نوٹ: سوالیہ پرچے میں درج نمبر ہی جوابی پرچہ میں تحریر کریں، تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان سبھی کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔

سوال : ۱ نظم کیا ہے؟ اس کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کی ابتداء اور ارتقا سیر حاصل بحث کیجئے۔ ۲۵

یا

''عصرِ حاضر میں اُردو غزل سماجی حقیقتوں کا آئینہ ہے۔'' اس قول کی وضاحت کیجئے۔

سوال : ۲ ڈرامہ کے فن پر روشنی ڈالتے ہوئے اس کی تاریخ کا مکمل احاطہ کیجئے۔ ۲۵

یا

''الطاف حسین حالیؔ ''نیچرل شاعری'' کے علم بردار ہیں۔'' اس قول کی وضاحت میں دلائل پیش کیجئے۔

سوال : ۳ اردو افسانے کے فن پر روشنی ڈالتے ہوئے اس کے عہد بہ عہد ارتقاء کا احاطہ کیجئے۔ ۲۵

یا

گجرات کے اُردو، ادبی اور ثقافتی اداروں سے متعارف کیجئے۔

سوال : ۴ مندرجۂ ذیل میں سے کسی پانچ (۵) عنوان پر مختصر نوٹ لکھئے۔ ۲۵

(۱) گجرات اردو ساہتیہ اکادمی کے اغراض ومقاصد

(۲) اُردو غزل کا باوا آدم

(۳) اُردو تذکرہ ''آبِ حیات''

(۴) گجرات میں اردو زبان وادب کی صورتِ حال

(۵) مادری زبان میں تعلیم کی اہمیت اور اس کے فوائد

(۶) گجرات میں شائع ہونے والے اردو اخبارات اور رسائل

(۷) ''ساہر نامہ'' تعارف، مقاصد وفوائد

---پایان---